مجربات قادریہ
مرتبہ
محمد یونس قادری
جامع مسجد بابا حیدر شاہ۔ محلہ الھیار۔ ٹنڈو آدم۔ ضلع سانگھڑ۔ سندھ۔ پاکستان۔ 0302-3359863

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

حرف اول

الحمد للہ رب العالمین، الصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ امابعد:

زیرِ نظر کتابچہ ''**مجربات قادریہ**'' طبی مجربات کا خزانہ ہے جن سے مخلوق خدا فائدہ اٹھا سکتی ہے۔ فائدہ اٹھانے والوں سے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ میری اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین بحرمت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

احقر

محمد یونس قادری عفا اللہ عنہٗ

ٹنڈو آدم

۲۷ رمضان المبارک ۱۴۴۶ھ

۲۸ مارچ ۲۰۲۵ء بروز، جمعۃ المبارک

۱۔بال چر۔داد۔چنبل

ایک ڈبیہ ویزلین میں ایک گرام نمک کا تیزاب مکس کرلیں،متاثرہ جگہ پر ایک دن چھوڑ کر رات کو لگائیں،ناغہ کے دن سرسوں کا تیل لگائیں،چند یوم لگانے سے ان شاءاللہ تعالیٰ بال چر۔داد۔چنبل ختم ہوجائے گا۔

۲۔نسیان

دارچینی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جیب میں رکھیں اور دن میں تین چار ٹکڑوں کارس چوستے رہا کریں۔چندروز بعد قوت حافظہ غیر معمولی طور پر بڑھ جائے گی۔

۳۔جاروب دماغ

۱۔اسطخدوس۔بادیاں۔کشنیز خشک۔نمک سیاہ۔نوشادر ٹھیکری۔ریوند چینی سب ہم وزن سفوف بنالیں۔ایک سے دوماشہ صبح وشام ہمراہ تازہ پانی سے دیں۔یہ حقیقتاً جاروب دماغ کا کام کرتا ہے۔ہر قسم کا دردسر،نزلہ،زکام کو دور کرتا ہے۔اور تمام امراض چشم صرف کھانے ہی سے دور ہوجاتے ہیں۔علاوہ ازیں پیٹ کے اکثر امراض کو فائدہ مند ہے۔

۲۔اسطخدوس ۵ تولہ۔افتیمونی ولایتی ۲ تولہ۔بسفائج ۵ تولہ۔خاکسی ۲ تولہ۔عناب ۸ تولہ۔دوکپ پانی میں تھوڑی چیزیں ڈال کرابالیں حتیٰ کہ ایک کپ رہ جائے تو چھان کر نیم گرم پلائیں۔دوتین دن میں ہی تنقیہ کردے گا حتیٰ کہ تمام فاضل مادے ختم ہوجائیں گے۔

۴۔عرق النساء

حسب ضرورت چندرس لے لیں اور اس کا سفوف بنالیں۔ایک چٹکی صبح کو ناشتے کے بعد گرم دودھ میں ملا کر پی لیں،ان شاءاللہ تعالیٰ چندروز میں آرام آجائے گا۔

۵۔بخار

کچھ پتے مدار کے اور کچھ گھیکوار کے لے کر گرائینڈر میں ڈال کر پانی بنالیں،اس پانی کو ایک کڑاہی میں ڈال کر حسب ضرورت ہڑتال گودنتی کے چھوٹے چھوٹے اس میں رکھ دیں اور تیز آگ پر چڑھادیں،جب پانی خشک ہوجائے تو ہڑتال کے ٹکڑے نکال کر پیس لیں۔ایک گرام تین وقت دودھ کرم یا تازہ پانی سے دیں،مریض کی روٹی بند کردیں،صرف ڈبل روٹی وغیرہ استعمال کرے ایک دوروز میں بخار اتر جائے گا،خاص طور پر سر پر زیادہ بخار ہو تو یہ بہت مجرب نسخہ ہے۔

۶۔جسم میں گوشت کی مقدار بڑھانے کے لیے

انڈے دیسی ۸ عدد۔گھی دیسی آدھا کلو۔بیسن خالص ایک پاؤ۔کشمش آدھا پاؤ۔چینی حسب ضرورت۔سب سے پہلے تھوڑے سے گھی میں بیسن کو سوجی کی طرح بھون لیں اور الگ رکھ لیں۔پھر باقی گھی میں کشمش اور کچے انڈے توڑ کر پکائیں۔جب پکنے کی خوشبو آجائے تو بھنا ہوا بیسن اور چینی ملا کر اتارلیں۔ٹھنڈا ہونے پر جم جائے گا بس تیار ہے۔عضلاتی غذی مقوی ہے۔ ۵۰ گرام خوراک صبح وشام کھائیں۔یہ

حلوہ جسم میں گوشت کی مقدار بڑھانے میں اپنی مثال آپ ہے۔مقوی حافظہ اور کمزوری نظر کے لئے بھی مفید ہے۔

۷۔نظر کی کمزوری

بادام۔سونف۔مصری، ہر ایک سو سو گرام۔سفید مرچ ایک تولہ،سب کا سفوف بنالیں،رات کو گرم دودھ سے لیں۔

۸۔آدھے سر کا درد

اگرچہ کہنے میں تو یہ ایک قسم کا سر درد ہے مگر معاذ اللہ اس بلا کی تکلیف دیتا ہے کہ الامان۔جہاں اُدھر سے تیاری طلوع آفتاب ہوئی اِدھر سے یہ بھی پیشانی میں ہلچل مچانے لگا۔جوں جوں تیزی آفتاب ہوتی جاتی ہے یہ بھی ترقی پکڑتا جاتا ہے۔آخر قریب شام غروب یہ بھی کم ہوجاتا ہے۔ یہ درد صرف ابرو اور اس کے حوالی سے تعلق رکھتا ہے۔

اسطوخودوس ۶ ماشہ۔دھنیا (خشک) ۴ ماشہ۔مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔باریک پیس کر رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔صبح گھوٹ کر چھان لیں۔بغیر میٹھا ملائے درد اُٹھنے سے دو گھنٹہ پہلے پلادیں۔اگر موسم سرد ہو تو جوش دے کر شربت بنفشہ ملا کر دیں اور رات کو اطریفل زمانی سے قبض کشائی کریں۔ایک ہفتہ تک صبح و شام دونوں وقت پلائیں۔یہ نسخہ سو فیصد مجرب ہے۔درد شقیقہ و عصابہ دونوں میں مفید ہے۔

نوٹ: پلانے سے پہلے ایک دو بتاشے کھلادیں۔

۹۔نسوار سر درد

نوشادر ایک تولہ۔کافور ایک ماشہ۔دونوں کو الگ الگ باریک کرکے سفوف بنا کر باہم ملالیں اور محفوظ کرلیں۔یہ نسوار درد شقیقہ و عصابہ اور مرگی کے لیے مفید ہے۔بے ہوش کو ناک میں پھونک دینے سے ہوش آجاتی ہے۔گلے کے اوپر والے مرضوں (کان درد۔ داڑھ درد۔آنکھ درد) کے لیے مفید ہے۔دن میں کئی بار استعمال کرنی چاہیے۔

۱۰۔مرہم درد سر

کافور ا تولہ۔پیپرمنٹ ا تولہ۔ست اجوائن ا تولہ۔ان سب کو ملا کر ایک شیشی میں بند کرکے دھوپ میں رکھ دیں،پانی بن جائے۔پھر اس پانی کو سادہ ویزلین کی ایک ڈبیہ میں اچھی طرح ملا کر محفوظ کرکے رکھ لیں۔درد کی جگہ پر مالش کردیں۔ہر گھر میں ضرور ہونی چاہیے۔

۱۱۔مقوی دل و دماغ

مغز ناریل کوفتہ ایک سیر،کشمش سبز و سرخی مائل ایک سیر صاف کردہ،مغز پستہ نیم کوب ایک پاؤ،مغز اخروٹ نیم کوب ایک پاؤ،گھی ایک سیر،نشاستہ آدھا سیر،چینی سفید حسب ضرورت۔گھی کو نرم آگ پر کڑکڑائیں اور نشاستہ ڈال کر اس قدر بریاں کریں کہ سرخ ہوجائے تو پھر چولہے سے اتارلیں اس میں پہلے چینی اور پھر میوہ جات ملا کر سنبھال رکھیں۔صبح کے وقت پانچ تولہ تک بطور ناشتہ ہمراہ دودھ روزانہ کھائیں بے حد مقوی دماغ و مقوی حافظہ دوا ہے۔

۱۲۔پیشاب کا نکل جانا

یہ شکایت عموماً سردی کے موسم میں ہوتی ہے، دارچینی اور گوندکندر ہم وزن سفوف بنالیں دو،دوگرام تین وقت پانی سے لیں۔

۱۳۔قبض

سناءسوگرام۔مصبر پچاس گرام۔نوشادر پچیس گرام،سب کا سفوف بنالیں،ایک گرام کا کیپسول بھرلیں،دودھ یا تازہ پانی سے رات کو لیں۔

۱۴۔نزلہ۔کھانسی۔درد گلا

ا۔سونٹھ۔مگاں۔اجوائن۔کالی مرچ ایک ایک تولہ۔ست پودینہ ایک گرام۔شہد تین گنا ملا کر معجون بنالیں۔دو سے تین گرام تین وقت لیں۔عجیب چیز ہے۔

۲۔برگ بانسہ۔سونف۔زوفا۔ملٹھی ہم وزن لے کر سفوف بنالیں،اس سفوف کے دو چمچ دو کپ پانی میں ملا کر پکائیں،جب اچھی طرح پک جائے تو شہد ملا کر پی لیں،اور اگر رات کو پانی میں بھگولیں اور صبح کو جوش دے کر استعمال کریں تو بہت مؤثر ہوگا۔

۱۵۔رعشہ و نیند کی کمی

دھتورہ کے پھول اور مگاں ہم وزن کوٹ کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں،ایک گولی رات لیں،اکسیر ہے۔

۱۶۔کشتہ ابرک سیاہ

ایک پاؤ ابرک سیاہ کو صاف کر کے کڑاہی میں ڈال لیں۔دوکلو مکو کا مقطر پانی میں اس میں ڈال دیں اور درمیانی آگ پر رکھ دیں،لوہے کی کسی چیز سے ہلاتے رہیں خشک ہونے پر سرخ رنگ کا کشتہ ہوجائے گا۔ٹائیفائیڈ و نزلہ زکام و کھانسی کے لیے اکسیر ہے۔خوراک ایک سے دو رتی تازہ پانی سے۔

۱۷۔السر معدہ

ایک تولہ مصطگی رومی اور دو تولہ گوند کتیرا کا سفوف بنالیں۔دو گرام تین وقت پانی سے دیں۔نمک و مرچ بند کردیں۔قبض بھی نہ رہنے دیں۔قبض کو دور کرنے کے لیے کوئی دوا دیں۔

۱۸۔رنگ گورا کرنے کے لیے

پانچ عدد خوبانی خشک رات کو پانی میں بھگودیں،صبح کھالیں اور وہ پانی پی لیں۔ایک ماہ استعمال کریں۔

۱۹۔ممسک

پچاس گرام پھٹکڑی اور ساٹھ گرام لونگ،دونوں کو بریاں کر کے سفوف بنالیں،500mg کا کیپسول دو گھنٹے پہلے پانی سے لیں پھر کچھ نہ کھائیں پیئیں۔

۲۰۔منجن برائے تمام امراض دانت

پھٹکڑی سفید۔سہاگہ۔نمک لاہوری پچاس پچاس گرام لے سفوف بنا کر بریاں کرلیں، پھر کالی مرچ اور لونگ بھی پچاس پچاس گرام سفوف بنا کر ملالیں۔دانتوں کو لگائیں اور بیس منٹ بعد کلی کرلیں۔

۲۱۔کیسٹرول۔دل کے بندوال۔موٹاپا

ایک کلو دیسی لہسن کا پانی نکال کر ایک کلو اجوائن میں جذب کرالیں۔پھر کیپسول بھر لیں یا نخودی گولیاں بنالیں، صبح وشام ایک ایک گولی نیم گرم پانی سے دیں۔

۲۲۔پراسٹیٹ گلینڈ

دہماسہ۔سرپھوکہ۔گل منڈی۔برہم ڈنڈی، ہموزن لے کر گرینڈ کرلیں اور اس سفوف میں سے صبح وشام پانچ پانچ گرام لے کر پانی میں ڈال کر قہوہ بنائیں اور چھان کر پی لیں۔پراسٹیٹ گلینڈ اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

۲۳۔زخم ہمہ اقسام

ایک سو گرام کی ڈبیہ ویزلین میں ایک تولہ نیلا تھوتھا پیس کر ملالیں۔زخم پر لگائیں ایک دن چھوڑ کر، اکسیر ہے۔

۲۴۔فالج ولقوہ

جس طرف فالج کا اثر ہو اس طرف ایک عدد جائفل کا مغز منہ میں رکھ کر چوسیں دو گھنٹے تک پھر نکال کر پھینک دیں۔رات کو گاؤ زبان پچاس گرام کو دو کلو پانی میں بھگو دیں۔صبح پکائیں، ڈیڑھ کلو پانی رہ جانے پر اتار کر چھان لیں اور محفوظ کرلیں۔اس پانی کا ایک ایک کپ صبح وشام شہد کی ایک ایک چمچ ملا کر گرم کر کے پلائیں۔ایک ماہ کافی ہے۔

۲۵۔وائیٹ سیل کی کمی

سات عدد انجیر رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح کھالیں اوپر سے پانی پی لیں، اکسیر ہے۔

۲۶۔حیض کا درد سے آنا

رتن جوت کا سفوف بنالیں اور دو، دو گرام تین وقت تازہ پانی سے لیں، پندرہ دن تک۔

۲۷۔تلی کا بڑھ جانا

ریوند عصارہ ایک رتی رات کو سوتے وقت پانی سے دیں تقریباً ایک ماہ تک، بڑھی ہوئی تلی اپنی جگہ پر آجائے گی۔

۲۸۔چکن پاکس کے نشان

کشتہ عقیق ایک رتی صبح وشام دودھ سے دیں، ایک ماہ تک تمام نشان ختم ہوجائیں گے۔

۲۹۔جسمانی کمزوری

سم الفار سفید ایک گرام۔مصری پچاس گرام میں کھرل کرلیں،ایک رتی خوراک لیں۔

۳۰۔مقوی دماغ

سالم ناریل لے کر پانی نکال دیں اور اس میں اسپغول بھر کر منہ بند کرکے دس کلو دودھ میں پکائیں۔کھویا بن جائے اور ناریل کو اسی میں کوٹ لیں۔گائے کا گھی آدھا کلو۔چاروں مغز۔بادام سب پچاس پچاس گرام کوٹ کر ملا دیں،چینی حسب ضرورت ڈال کر حلوہ بنالیں۔ایک چمچ صبح کو لیں،نزلہ۔زکام۔دماغی کمزوری کے لیے اکسیر ہے۔وہ مریض جن کا نزلہ کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو ان کے لیے آبحیات ہے۔

۳۱۔خسرہ

سونے کی کوئی چیز جیسے انگھوٹی وغیرہ لے کر ایک کپ پانی میں اکیس مرتبہ گھمائیں اور وہ پانی مریض کو پلا دیں،تین وقت تین دن۔

۳۲۔ہیپاٹائٹس C

لوکی کا جوس نکال کر مریض کو پلائیں تین وقت ایک ایک کپ،اکسیر ہے۔

۳۳۔میٹھی چیز کے قریب چیونٹیاں نہ آئیں

چند دانے لونگ کے اس چیز کے قریب رکھ دیں،چیونٹیاں قریب نہ آئیں گی۔

۳۴۔پھوڑا،پھنسی پھاڑنے کے لیے

ایک پیاز کوٹ کر اس میں پسی ہوئی ہلدی ملا کر باندھ دیں،صبح کو کھول دیں تین دن ایسا کریں پھوڑا پھٹ کر سارا مواد نکل جائے گا۔

۳۵۔جریان واحتلام

بہی دانہ اور ثعلب مصری ہموزن سفوف بنالیں،ایک چمچ رات کو دودھ میں بھگو دیں اور صبح کھائیں۔

۳۶۔ہڈیوں اور جوڑوں کا درد

بکرے کے جوڑوں کی ہڈیاں آدھا کلو لے کر پانچ کلو پانی میں ہلکی آگ پر پکائیں،ایک بڑا پیالہ رہ جانے پر اتارلیں اور مریض کو رات کو پلائیں،نمک مرچ حسب ذائقہ ڈال لیں،چند ہفتے کریں۔

۳۷۔سرخ ذرات کی کمی

چقندر کا رس ایک کپ روزانہ استعمال کریں،ایک ماہ تک۔

۳۸۔بچوں کی چھاتی کی خرابی

آدھی رتی کشتہ بارہ سنگھا شہد میں ملا کر دیں،ایک یا دو ٹائم،چند دن ۔ یا انڈے کی زردی نکال کر چائے کے گرم قہوہ میں ملا لیں اس کی ایک چمچ نیم گرم دن میں تین چار دیں۔

۳۹۔جگر کے تمام امراض کے لیے

صرف ریوند چینی کا سفوف ایک گرام لسی کے ساتھ دیں،مرض کی نوعیت کے اعتبار دو یا تین وقت بھی دے سکتے ہیں۔

۴۰۔قوت باہ کے لیے

معجون لبوب کبیر خاص کی سو گرام کی ڈبیہ میں ایک گرام کشتہ سم الفار ملا لیں اور پھر استعمال کریں

۴۱۔یورک ایسڈ

لوکی کا جوس نکال لیں صبح و شام ایک ایک کپ پی لیا کریں۔

۴۲۔انڈے کی طاقت بڑہانے کے لیے

چار عدد کچے انڈوں کی زردیاں نکال کر دو گرام زعفران پیس کر ان میں ڈال دیں اور حل کر کے چولہے پر رکھ دیں،درمیانی آگ جلائیں،پانی بن جائے گا جس چیز میں چاہیے ملا لیں۔

۴۳۔ممسک اور سختی کے لیے

پچاس گرام کچلہ خام کو سات دن کے لیے دودھ میں بھگو دیں،سات دن کے بعد پتہ نکال کر چھیل کر سفوف بنا لیں،یاد رکھیں سفوف گیلے گیلے کا ہی بنے گا،جتنا کچلہ ہو اس سے نصف کالی مرچ اور پیپل ملا لیں ،ایک رتی خوراک وقت خاص سے قبل دودھ سے لیں۔

۴۴۔آلو بخارے کا جلاب

آدھا کلو آلو بخارے پکے ہوئے لے کر برف میں رکھ دیں تا کہ خوب ٹھنڈے ہو جائیں ،صبح نہا منہ کھائیں اور پر سے ٹھنڈا پانی پیئیں جلاب جگ جائیں گے،بند کرنے ہوں تو گرم پانی پی لیں۔

۴۵۔لکڑی کو گھن لگ جانا

لکڑی کو مٹی کے تیل سے تر کر دیں گھن نہیں لگے گا۔

۴۶۔دانتوں کو چمکانے کے لیے

کسی بھی منجن میں میٹھا سوڈا ملا لیں اور اسے برش سے دانتوں کو صاف کرین چمک جائیں گے۔

۴۷۔پاؤں کی ایڑی کا پھٹنا

درمیانے سائز کا ایک بیگن لے کر چھیل کو گودا نکال لیں اور اسے کوٹ کر اس میں ہموزن ویز لیں ملا لیں، رات کو روزانہ لگا ئیں چند ہی دنوں میں آرام آجائے گا، جوں جوں یہ دوا پرانی ہوگی اکسیر بن جائے گی۔

۴۸۔کینسر ہمہ اقسام

سو گرام روغن زیتون (اکسٹرا ورژن) میں ایک تولہ ثابت ہلدی کے کوٹ کر ملا لیں اور اچھی طرح جلا لیں۔پھر چھان لیں، اس تیل کے بیس بیس قطرے پلائیں اور اوپر سے نیم گرم پانی پلائیں۔(ڈاکٹر حافظ محمد ابراہیم کا ۲۲ سالہ مجرب ہے)

۴۹۔مقوی باہ

چاروں چینی (دار چینی۔چوب چینی۔کباب چینی۔ریوند چینی) ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں ایک گرام رات کو دودھ سے لیں۔

۵۰۔گھی کی بدہضمی

بڑی الائچی کو ابال کر قہوہ بنا لیں اور ایک ایک گھونٹ وقفے وقفے سے پیتے رہیں۔

۵۱۔حمل کا بار بار گر جانا

جامن کی گھٹلی کا سفوف بنا لیں ایک چھوٹی چمچ رات کو دودھ سے دیں ایک ماہ تک، حمل گرنا بند ہو جائے گا اور جراثیم کی کمی بھی دور ہو جائے گی۔

۵۲۔گرمی کا دشمن

ایک بڑا ڈبہ گلوکوز کا لے کر اس میں ایک تولہ ست پودینہ پیس کر ملا لیں۔جب گرمی محسوس ہو تو چھ ماشہ منہ میں ڈال لیں۔

۵۳۔عینک توڑ

سو گرام بادام۔پچاس گرام مصری۔سو گرام سونف۔ایک تولہ سفید مرچ، سب کا سفوف بنا لیں سوتے وقت دودھ سے لیں۔ایک ماہ تک، عینک اتر جائے گی۔

۵۴۔عورتوں کے چہرے کا بال

پہلے بال صفا پوڈر سے بال اتار لیں اور پھر رات کو سوتے وقت بیروزہ پانی میں ملا کر لیپ کر دیں، صبح منہ دھو لیں، چند دن اس دن اس طرح کریں۔

۵۵۔رحم کا باہر آجانا

پھٹکڑی سفید کو بریاں کر لیں ایک رتی خوراک صبح وشام پانی سے دیں۔گردوں فیل ہو جائیں تو بھی یہی علاج ہے۔

۵۶۔گردوں کا فیل ہو جانا

دو کلو کلونجی کو بارہ کلو پانی میں بھگو دیں، صبح پکائیں، جب دانے سرخ ہو جائیں تو اتار کر چھان لیں، تین وقت ایک ایک گلاس اس پانی کا شہد ملا کر پلائیں، اکسیر ہے۔

۵۷۔گنج پن

مہندی کے سبز پتے سو گرام صاف کر کے دو سو گرام سرسوں کے تیل میں ملا کر جلالیں حتیٰ کہ کالے ہو جائیں، پھر چھان کر محفوظ کرلیں، یہ تیل لگائیں۔

۵۸۔دیوی درخت کا کانٹا

اگر دیوی درخت کا کانٹا لگ جانے سے انفکش ہو جائے تو اسی درخت کے پتے کوٹ کر روزانہ رات کو باندھ دیں صبح کھول دیں ،چند دن اسی طرف کریں۔روزانہ نئے پتے استعمال کریں۔

۵۹۔اکسیر مغلظ

تالمکھانہ اور اسپغول کی بھوسی ہم وزن ملالیں ایک چمچ رات کو دودھ سے لیں۔یا صرف ثعلب مصری استعمال کرائیں۔

۶۰۔ہیپاٹائٹس ہمہ اقسام

ریوند چینی۔چرائتہ۔مصبر سب پچاس پچاس گرام،نوشادر ٹھیکری پچیس گرام،سب کا سفوف بنا کرفل سائز کے کیپسول بھرلیں کھانے کے بعد ایک ایک یا دو،دو پانی سے لیں ایک ماہ بعد رپورٹ کرالیں،ختم ہو جائے گا۔

۶۱۔گردے کی پتھری

کشتہ سنگ یہود ایک ایک رتی تین وقت پانی سے دیں،یہ درد کو روکنے میں بھی کمال ہے۔

۶۲۔چوٹ کے خون کو بند کرنا

جس جگہ سے خون نکل رہا ہو اس پر چائے (پتی) خشک باندھ دیں،فوری خون بند ہو جائے گا،چند دن اس جگہ کو پانی نہ لگنے دیں آرام آجائے گا اور سب سے بڑی خوبی اس کی یہ ہے کہ نشان باقی نہ رہے گا۔

۶۳۔اشتہا بے بہا

ایک کلو املی۔ایک پاؤ آلو بخارا،چھ کلو پانی میں رات کو بھگو دیں صبح مل چھان کر تین کلو چینی ملا کر شربت بنالیں،چار چار چمچ ایک گلاس پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

۶۴۔ورم رحم

گلیسرین کو روئی سے تر کرے رحم میں رات کو رکھ دیں، صبح نکال دیں، پانچ دن اس طرح کرلیں ورم اتر جائے گا، اکسیر ہے۔

۶۵۔کرم منی کا ٹیسٹ

منی نکال کر پانی میں ڈال دیں نیچے بیٹھ جائے تو کرم ہیں درمیان میں رہے تو کم اور اوپر تیرتی رہے تو نہیں ہیں۔

۶۶۔کرم منی پیدا کرنے کے لیے

سرکہ انگوری میں پانچ عدد انجیر رات کو بھگو دیں، صبح کھالیں، پندرہ دن کرلیں۔

۶۷۔ہاتھ، پاؤں کے موکے

کپڑے دھونے والا سوڈا ایک نمبر اور چونا بجھا ہوا ہم وزن ملا کر (ایک قطرہ پانی سے) موکے کی جگہ پر لگا دیں رات کو، صبح جلا ہوا ہو گا۔

۶۸۔جسم تروتازہ کرنے کے لیے

ایک عدد چھوہارا کلاں۔مغز بادام گیارہ عدد کو بوقت شب پانی میں بھگو دیں۔صبح کو بادام چھیل کر اور چوہارے کی گٹھلی نکال کر اور الائچی خورد چار عدد کے دانے ملا کر خوب پیس لیں۔پھر پانچ تولہ مکھن اور پانچ تولہ مصری ملا کر اس میں سے دو رتی کھلائیں۔اس کے استعمال سے جیسے خشک باغ پانی ملنے سے ہرا بھرا ہو جاتا ہے اس نسخے سے جسم تروتازہ ہو جائے گا اور دائمی سر درد بھی دور ہو جائے گا۔

۶۹۔آنکھوں سے پانی آنا

۲۱ عدد بادام کو رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح چھلکے اتار کر چبائیں۔پانی شرطیہ بند ہو جاتا ہے۔

۷۰۔آنکھوں کی سرخی

جو لوگ ویلڈنگ کرتے ہیں ان کی آنکھیں بھی سرخ ہو جاتی ہیں اور دیکھ نہیں پاتے وہ چائے کی پتی جو کہ چائے پک جانے کے بعد بچ جاتی ہے اسے ٹھنڈا کر کے رات کو آنکھوں پر باندھیں ان شاءاللہ تعالیٰ صبح کو آرام ہو گا۔

۷۱۔کن پیڑ

یہ ایک شدید متعدی مرض ہے۔اس میں کان کی جڑ کی گلٹیاں متورم ہو جاتی ہیں۔جس سے کان کے نیچے درد ہو کر ورم ہو جاتا ہے۔خفیف سا بخار بھی ہو جاتا ہے۔یہ مرض بچوں میں زیادہ ہوتا ہے۔عام چاول لے کر سل پر پیس رگڑ کر ہمراہ پانی لئی بنالیں اور بیمار کے کانوں کے نیچے لیپ کر دیں۔اس طرح دو تین دن لیپ کرنے سے مرض بالکل جاتا رہتا ہے۔سوجن اتر جاتی ہے۔بخار نہیں رہتا۔

۷۲۔امراض کان

ایلوا 4 تولہ۔رتن جوت ا تولہ۔لہسن مقشر آدھا پاؤ۔سرسوں کا تیل ایک پاؤ۔ان سب کو تیل میں جلالیں۔کان کا زخم۔کان کی پیپ۔کان

کا درد کے لیے دو قطرے ڈالیں تھوڑی ہی دیر میں درد بند ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

۷۳۔نزلہ وزکام

تنکار یعنی سہاگہ حسب ضرورت لے کر بریاں کرلیں اور سفوف بنا کر شیشی میں بند کرلیں۔ 2 رتی سے 4 رتی تک خوراک ہمراہ چائے یا گرم پانی سے دن میں تین مرتبہ دیں۔ اول تو پہلے ہی روز ورنہ دوسرے روز تو انشاء اللہ مرض کا نام ونشان باقی نہ رہے گا۔ ہزاروں بار کی آزمودہ اور بے خطا دوا ہے۔ تجربہ شاہد ہے۔

۷۴۔ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا

عموماً نزلہ وزکام کے کافی عرصہ تک رہنے کی وجہ سے ناک کی ہڈی بڑھ جاتی ہے۔ کئی بار آپریشن کرانے کے باوجود بھی پھر بڑھ جاتی ہے جس سے معلوم ہوا کہ آپریشن اس کا علاج نہیں۔ تمام بادی اشیاء آلو۔ گوبھی۔ بینگن۔ چاول۔ پکوڑے۔ سموسے غیرہ بند کر دیئے جائیں اور لوکی۔ ٹنڈے وغیرہ استعمال کیے جائیں تو بغیر دوا کے مرض جاتا رہتا ہے۔

سفید پھٹکڑی کو پانی میں اچھی گھول لیں یہ پانی ناک کے اندر باہر کسی اسٹک سے دن میں تین چار بار لگا دیا کریں ہڈی ٹھیک ہو جائے گی اور ساتھ کوئی بھی اطریفل لگا دیں جیسے ''اطریفل اسطخدوس'' وغیرہ یا ''جاروب دماغ'' کا استعمال کرا دیں۔

۷۵۔سونگھنے کا احساس ختم ہو جانا

بعض امراض کا درست علاج نہ ہونے کی وجہ سے سونگھنے کا احساس ختم ہو جاتا ہے نہ خوشبو معلوم ہوتی ہے اور نہ ہی بدبو۔ اصل میں یہ دماغ میں رطوبت کے جم جانے کی وجہ سے ہوتا ہے ایسے مریض کو ''جاروب دماغ'' استعمال کرائیں اور خوراک درست کرائیں۔ جاروب دماغ کا نسخہ درج ذیل ہے:

اسطخدوس، بادیاں، کشنیز خشک، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری، ریوند چینی سب ہم وزن سفوف بنا لیں۔ ایک سے دو ماشہ صبح وشام ہمراہ پانی سے دیں۔

۷۶۔امراض دانت

لونگ۔ پھٹکڑی سفید۔ سہاگہ خام۔ کالی مرچ۔ نمک لاہوری۔ سب ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر بریاں کرلیں۔ جب خشک ہو جائے تو پیس کر محفوظ کرلیں۔ چٹکی بھر دوا صبح شام دانتوں پر ملیں۔ درد۔ سوجن۔ پائیوریا۔ گرم سرد احساس اور مسوڑھوں کی کمزوری کا مجرب المجرب نسخہ ہے۔

۷۷۔خناق (گلا گھٹنا)

اصطلاح طب میں ایک شدید ورم کو خناق کہتے ہیں جو کہ اعضائے حلق میں واقع ہوتا ہے۔ جس سے مریض کو کھانے پینے بلکہ سانس لینے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔

اسباب: نزلہ وزکام بگڑ جانے یا کسی خلط کی زیادتی سے یہ مرض وقوع پزیر ہوتا ہے۔

علامات: مریض کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حلق میں کچھ اٹکا ہوا ہے۔ بعض دفعہ آواز بھی بند ہو جاتی ہے۔ درد ہو کر بار بار کھانسی اُٹھتی ہے۔

املتاس ۴ تولہ کو آدھا سیر دودھ میں جوش دے کر مریض کو غرارے کرائیں۔ انشاء اللہ آدھے گھنٹے کے اندر مریض روبصحت ہو گا

، مجرب ہے۔

۷۸۔ جوشاندہ مخرج بلغم

زوفا 5 ماشہ۔ انجیر 4 عدد۔ ملٹھی مقشر 6 ماشہ۔ گل بنفشہ 3 ماشہ ہر چہار ادویہ کو مناسب مقدار پانی میں ڈال کر جوش دیں اور دن میں دو یا تین مرتبہ پلائیں۔ تمام جوشاندے کے تین حصہ کر لیں اور ایک ایک حصہ پلائیں۔ یہ جوشاندہ بلغمی کھانسی میں جب کہ سینہ میں بلغم بہت زیادہ جم رہی ہو اور نہ نکلے اس جمی ہوئی بلغم کو بآسانی خارج کرتا ہے اور بلغمی بخار جو کہ اکثر شام کو ہوا کرتا ہے اس کے لیے بھی مجرب ہے۔

۷۹۔ کھانسی

صرف ملٹھی کا سفوف تین تین گرام تین وقت نیم گرم پانی سے دیں۔

۸۰۔ دل کے بندوال

1۔۔۔ جن کے وال کولسٹرول سے بند ہوں ان کو اجوائن کا پانی پلائیں ایک کپ روز۔ ایک کپ میں 6 ماشہ اجوائن ڈال کر دو تین ابال دیں پھر چھان کر صبح نہار منہ پلائیں، اس کے بعد مریض آدھا گھنٹہ چلے پھر ناشتہ کرے۔

2۔۔۔ لہسن اور ادرک ہموزن لے کر پانی نکال لیں اور چھان کر ایک بوتل میں ملا کر فریج میں رکھ لیں۔ دو چمچ ایک کپ میں ڈالیں اور کوئی سا شربت جیسے روح افزاء وغیرہ ڈال کر پھر اس کو استعمال کریں تا کہ اس کی بو اور ذائقہ بدل جائے۔ ایک ماہ استعمال کرائیں۔ اکسیر ہے۔ لیکن یہ سب نسخہ جات کولسٹرول سے بندوال کے لیے ہیں نہ کہ کرسٹل سے بندوال کے لیے۔

نوٹ: کولسٹرول سے بندوال دل کی اینجو گرافی میں دیکھیں تو ایک زگ زیگ کالی لائن نظر آئے گی اور اگر کرسٹل سے بند ہے تو لائن سیدھی نظر آئے گی۔

۸۱۔ قبض کا آسان علاج

جن بھائیوں کو قبض رہتی ہو۔ قبض کی وجہ سے پیٹ نکلا ہوا ہو تربوز کی طرح۔ ان کے لیے ہے۔ ایک مہینہ استعمال کریں۔ قبض سے مکمل نجات مل جائے گی۔ اور پیٹ کمر کے ساتھ لگ جائے گا۔ املتاس لے کر اسے توڑیں اور اس کا صرف گودہ لیں۔ چھلکا اور بیج پھینک دیں اور رات کو ایک گلاس پانی میں اس کا دو انچ تک کا گودہ ڈال دیں۔ صبح نہار منہ چھان کر پی جائیں۔ یہ لوزموشن لگا کر پیٹ کو بلکل صاف کر دیگا۔ کسی قسم کا نقصان نہیں ہو گا۔ بے فکر ہو کر استعمال کریں۔ بہت لاجواب ہے۔

۸۲۔ السر

تیر بہدف۔ باکمال۔ سو فیصد اللہ تعالیٰ نے اس میں کامیابی رکھی ہے۔ بہترین رزلٹ ہے۔ ملٹھی مقشر 100 گرام۔ چھلکا

اسپغول 100 گرام۔کوزہ مصری 150 گرام۔ان کا سفوف بنا کر ملالیں۔چھ گرام خوراک۔ہمراہ شربت صندل دو ہفتے استعمال کرائیں۔

۸۳۔یرقان (ہمہ قسم)

نوشادر۔عشبہ۔انبہ ہلدی۔سب دو دو تولہ۔عشبہ اور انبہ ہلدی کوٹ کر کپڑے سے چھان لیں اور نوشادر کر سفوف بنالیں۔ایک بوتل میں ڈال دیں اس میں آدھا کلو چینی ملالیں اور پانی بھر کر دھوپ میں رکھ دیں۔جب حل ہو جانے پر اٹھالیں۔ایک ایک تولہ تین وقت مریض کو پلائیں۔

۸۴۔پتہ کی پتھری

ایک بوتل لیموں کے پانی کی لیں اس میں تر پھلہ دو تولہ۔زرد کوڈی چار عدد اور چار کالی مرچ پیس کر ڈال دیں دوا تیار ہے۔ابلنے لگے گی اس لیے بوتل میں ڈالنے سے پہلے بوتل کو چار انگل کے قریب خالی کرلیں۔دو۔دو چمچ دن میں تین بار پلائیں اور دودھ سے بنی ہوئی تمام اشیاء اور گوشت سے بنی ہوئی تمام اشیاء کا پرہیز کرائیں۔ایک ماہ بعد ٹیسٹ کرالیں۔مجرب المجرب ہے۔

۸۵۔پتھری گردہ

سنگ یہود اچھے قسم کا ہو۔اس کا کشتہ گھیکوار میں تین آگ میں تیار کرلیں اور رتی کی خوراک کچی لسی یا شربت بروزی سے کسی وقت چالیس دن لیں۔اس طرح پتھری نکل جائے گی کہ معلوم بھی نہ ہوگا اور دوبارہ پیدا بھی نہ ہوگی۔

۸۶۔تریاق گردہ

خارخسک دو حصہ۔تخم کاسنی ایک حصہ۔سفوف کر کے مکس کریں اور تین گرام ہر تین گھنٹے بعد پانی سے دیں معمولی نہ سمجھیں گردے بھی کام شروع کریں گے اور کریٹنین اور یوریا بھی نارمل ہو جائیگا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

۸۷۔ڈائیلائیسز کے مریض

جن لوگوں کے گردے خراب ہیں یا ڈائیلائیسز ہو رہا ہے تو انہیں چاہیے کہ سفید پھٹکری کو بریاں کرلیں اور ایک رتی یا زیرو سائز کے کیپسول بھرلیں اور ایک کیپسول کسی وقت روزانہ پانی سے چالیس دن تک استعمال کریں۔مرض کی شدت میں تین وقت بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں۔یہ نسخہ راقم کے مطب کا ہے جو کہ فی سبیل اللہ استعمال کرایا جاتا ہے اور آج تک خطا نہیں گیا اور ڈائیلائیسز کے مریض تک اللہ تعالیٰ نے ٹھیک کیے ہیں۔ڈائیلسز کرنے والے ڈاکٹر مریضوں کو ٹھیک ہوتا دیکھ کر حیران ہوتے ہیں کہ یہ کیسے بغیر ڈائیلائیسز کے ٹھیک ہو گئے۔ٹھیک کرنے والی ذات اللہ رب العزت کی ہے۔راقم کے استاد مرحوم عبدالکریم سموں فرمایا کرتے تھے کہ پھٹکڑی ہیرے کا بدل ہے۔اور مرحوم حکیم عبداللہ فرماتے تھے کہ گھر میں پھٹکڑی کا ہونا ضروری ہے۔آپ کی کتاب ’’خواص پھٹکڑی‘‘ ضرور دیکھنی چاہیے۔

۸۸۔لذیذ چورن

سونف بھنی ہوئی۔دھنیا۔زیرہ سفید بھنا ہوا۔انار دانہ ہر ایک دو،دو تولہ۔کالا نمک ایک تولہ۔ست لیموں تین ماشہ مصری دس تولہ سب

کاسفوف بنالیں ۔ چھ ماشہ تک کھلائیں ۔ بہت لذیذ چورن ہے ۔اس کے استعمال سے کمی ہاضمہ ۔ بدہضمی ۔ جی کا متلانا ۔نفرت طعام ۔ قے اور اسہال وغیرہ امراض رفع دفع ہوجاتے ہیں ۔قوت ہاضمہ کے تیز ہونے سے بھوک چمک اٹھتی ہے ۔

نوٹ: سونف ،دھنیا، زیرہ سفید،انار دانہ ہر ایکپچاس پچاس گرام لیں اور سونف وزیرہ کو بھوننے کی ضرورت نہیں ۔کالا نمک پچیس گرام اورست لیموں ایک تولہ،مصری ایک کلو لیں اور سب کا سفوف بنالیں ۔عجیب چیز ہے ۔

۸۹۔ پیچش

ایک پاؤ کالی ہرڑ کو نصف چھٹانک روغن ارنڈی میں سینک لیں تاکہ وہ پھول کر خاکی رنگ کی ہوجائیں ۔ پھر ان کا سفوف بنالیں ۔پیچش کے مریض کو صرف چھ ماشہ صبح نہار منہ پانی سے دیں ۔ تین دن استعمال کرادیں ہر قسم کی پیچش ٹھیک ہوجائے گی ۔ یہ سفوف پیچش کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے ۔اور اگر اس سفوف میں پچاس گرام کالا نمک ملالیں تو دو ماشہ کی مقدار تین مرتبہ دن میں کھانا کھانے کے بعد نیم گرم پانی سے لیں ۔اس سے بھوک چمک اٹھتی ہے ۔کھانا ہضم ہوتا ہے ۔قبض ختم ہوجاتی ہے ۔گیس ختم ہوجاتی ہے ۔

۹۰۔ ہڑ سیاہ

ہڑ سیاہ لے کر دیسی گھی میں اسقدر فرائی کریں کہ پھول جائیں اور باریک پیس لیں یہ سفوف محفوظ کرلیں ۔ایک ماشہ سے کم قابض ہوگا اور ہاضم ہوگا اور دو ماشہ تک ملین ہوگا یعنی قبض کو ختم کردینے والا اب جو شخص مسلسل ایک ماشہ روزانہ رات استعمال کرتا رہے اسکے نہ کبھی دانت گرتے ہیں اور نہ کبھی نظر کمزور ہوتی ہے نہ ہی بال سفید ہوتے ہیں ۔

۹۱۔ پراسٹیٹ گلینڈ

دہماسہ ۔سرپھوکہ ۔گل منڈی ۔ برہم ڈنڈی ۔تمام ادویہ ہموزن لے کر سفوف بنالیں اور پھر صبح وشام پانچ ،پانچ گرام اس سفوف کا قہوہ بنا کر پی لیں ۔ پراسٹیٹ گلینڈ (غدۂ قدامیہ) واپس اپنی اصلی حالت پر آجائے گا، مجرب المجرب ہے ۔

۹۲۔ بواسیری مسے

ایک تولہ روغن ارنڈی اور دو تولہ میٹھا سوڈا ملا کر مرہم تیار کرلیں ۔مسوں پر لگائیں ۔سب خشک ہوجائیں گے ۔

۹۳۔ بواسیر

میٹھا سوڈا ۔گندھک آملہ سار ۔ہم وزن ملا کر سفوف بنا کر زیرو سائز کیپسول بھرلیں بڑے کو صبح ،دوپہر ،شام دو ،دو ،دیں اگر چھوٹا بچہ ہے مقدار کم کرلیں ۔

۹۴۔ چھپاکی

کچورلے کر باریک پیس لیں 500 ایم جی والے کیپسول بھرلیں ایک کیپسول صبح وشام بعد غذا ہمراہ پانی دیں ۔چھپاکی کیلئے مجرب ہے ۔

۹۵۔قوت باہ وممسک

سم الفار سفید اور طباشیر ہموزن کو سولہ پہر (31 گھنٹے) کھرل کر کے محفوظ رکھیں ۔عصر کے وقت ایک چاول کے بقدر بتاشہ میں ڈال کر کھالیں ۔اوپر سے دودھ جتنا دل چاہے پی لیں ۔بے حد امساک پیدا کرتا ہے ۔

۹۶۔حلوہ ادرک

ادرک ایک پاؤ۔دیسی گھی ایک پاؤ۔چینی ایک پاؤ۔دودھ تین کلو۔ادرک کو باریک باریک کتر لیں پھر تینوں چیزوں کو ایک دیگچی میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ کھویا بن جائے۔پچیس سے پچاس گرام تک صبح وشام کھلائیں ۔جوڑوں کے درد اور سستی ۔نقاہت اور کمزوری کے لئے بہترین ہے سردیوں کا خاص تحفہ ہے ۔

۹۷۔اکسیر سوزاک

ریوند چینی کا سفوف بنالیں ایک ایک گرام تین وقت دودھ کی لسی سے دیں ۔سوزاک خواہ نیا ہو خواہ پرانہ ،قرحہ کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو ،ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا۔

۹۸۔اعادہ شباب

برائے اعادہ شباب عمر رسیدہ اشخاص ،حرارت وتقویت عزیزی کا محافظ ۔مغز اخروٹ ایک کلو ،مغز پستہ ایک پاؤ، کشمش سوا کلو ملالیں گرم دودھ سے روزانہ ایک چمچ لیں ۔

۹۹۔جریان واحتلام

غریب لوگ ملٹھی اور سروالی ہموزن لے کر سفوف بنالیں ،چھ ،چھ صبح ورات دودھ سے لیں اور امیر لوگ ثعلب مصری اور چھلکا اسپغول ہموزن لے کر چھ گرام رات کو دودھ سے لیں ۔ثعلب مصری کا سفوف بنالیں اور چھلکا ثابت ڈال دیں ۔

۱۰۰۔شوگر

اب تک اس کا کوئی علاج دریافت نہیں ہوسکا تمام ادویات یونانی وانگریزی وقتی طور پر روکتی ہیں لیکن ان کے سائیڈ ایفکٹ بہت زیادہ ہیں ،مریض قبض کا شکار ہو جاتا ہے معدہ وگردے خراب ہو جاتے ہیں ۔پرہیز اس کا سب سے اچھا علاج ہے ۔صبح کو دو انڈے ابلے ہوئے کھائیں پھیکی چائے پی لیں ۔دوپہر کو دہی یا رائیتہ کھالیں ،کھیرے سلاد وغیرہ استعمال کریں اور رات کو چنے کی چاٹ کھالیں ،انڈے استعمال نہ کرنے ہوں تو سلاد ،دہی ،چاٹ وغیرہ استعمال کرلیں ،پانی زیادہ استعمال کریں ،گندم اور چینی سے دور رہیں ،کم ازکم مہینے میں تین دن تو شوگر کا مریض یہ ڈائیٹ ضرور استعمال کرے اس سے شوگر نارمل ہو جاتی ہے ۔